حکومت پاکستان

تخفیف غربت وسماجی تحفظ ڈویژن

*****

احساس انڈر گریجویٹ اسکالرشپ پروگرام

(اہم نکات)

(الف)۔احساس انڈر گریجویٹ اسکالرشپ پروگرام کیا ہے؟

☆احساس انڈر گریجویٹ اسکالرشپ پروگرام پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا ضرورت پرمبنی انڈر گریجویٹ اسکالرشپ پروگرام ہے۔

☆احساس انڈر گریجویٹ اسکالرشپ اقدام کا باضابطہ اجراء وزیراعظم عمران خان نے 4 نومبر 2019ء کو کیا۔

☆اس پروگرام کے تحت، ہر سال کم آمدنی والے خاندانوں سے تعلق رکھنے والے 50,000 طلباء کو چار اور پانچ سالہ انڈر گریجویٹ پروگراموں میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے اسکالرشپس دیئے جائیں گے۔

☆آئندہ 4 سالوں میں 200,000 انڈر گریجویٹ اسکالرشپس ضرورت اور میرٹ کی بنیاد پر دیئے جائیں گے۔

☆50 فیصد اسکالرشپس خواتین طلباء کے لیے مختص کیے گئے ہیں۔

☆2% اسکالرشپس بالخصوص جسمانی طور پر معذور طلباء کو دی گی ہیں۔

☆اس 4 سالہ پروگرام پر عملدرآمد کیلئے کل 24 ارب روپے کا بجٹ مختص کیا گیا ہے۔

(ب)۔اسکالرشپ میں کیا شامل ہے؟

☆اس پروگرام کے تحت دیئے جانے والے اسکالرشپ میں 100 فیصد ٹیوشن فیس کے ساتھ 4,000 روپے ماہانہ گزر بسر کا وظیفہ بھی شامل ہے۔اس پروگرام کا دائرہ کار چاروں صوبوں بشمول گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر تک پھیلا ہوا ہے۔

(پ)۔احساس انڈر گریجویٹ اسکالرشپ پروگرام کے لیے اہلیت کا معیار کیا ہے؟

☆HEC سے الحاق شدہ 119 سرکاری یونیورسٹیوں میں انڈر گریجویٹ پروگراموں میں زیرِ تعلیم وہ تمام طالب علم جن کی خاندانی آمدن 45,000 روپے ماہانہ سے کم ہے درخواست دینے کے اہل ہیں۔

☆اسکالرشپ، طالب علم کی اطمینان بخش تعلیمی کارکردگی سے مشروط ہوگا، اسکالرشپ وصول کنندگان کو انڈر گریجویٹ پروگرام مکمل ہونے تک وظیفہ ملنا جاری رہے گا۔

(ت)۔احساس انڈر گریجویٹ اسکالرشپ کے لیے اہل طالب علموں کا انتخاب کیسے کیا جاتا ہے؟

☆انتخاب طالب علم کے جی پی اے اور خاندانی آمدن پرمبنی میرٹ اور ضرورت کی بنیاد پر ہوگا۔

☆درخواستیں https://ehsaas.hec.gov.pk/hec-portal-web/auth/register.jsf ایچ ای سی کے پورٹل کے ذریعے آن لائن جمع کروائی جاسکتیں ہیں۔

☆یونیورسٹی کی ایوارڈ کمیٹی، HEC ٹیم کی معاونت کے ساتھ درخواست گزاروں کی فیملی آمدن اور GPA کی تصدیق کرتی ہے۔

☆45,000 روپے ماہانہ سے کم خاندانی آمدن والے تمام اہل طالب علموں کو ان کے GPA کے مطابق میرٹ پر پرکھا جاتا ہے۔

☆حتمی ایوارڈ فہرستیں ہر یونیورسٹی میں آویزاں کی جائیں گی، جو HEC اور یونیورسٹی کی ویب سائٹس پر بھی دستیاب ہونگی۔

☆منتخب ہونے والے طالب علموں کو اپنے بنک اکاؤنٹ کھولنے ہونگے تاکہ گزر بسر کا وظیفہ براہ راست ان کے اکاؤنٹ میں جمع کروایا جا سکے۔

(ٹ)۔سال 20-2019 کے اسکالرشپس کا اسٹیٹس کیا ہے؟

☆سال 20-2019 کے لیے طالبعلموں نے HEC کے آن لائن پورٹل پر درخواستیں جمع کروائیں۔

☆درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 24 دسمبر، 2019ء تھی۔

☆تعلیمی سال 2019–20 کے لئے 132,192 انڈر گریجویٹ طلباء (بشمول 49,841 لڑکیاں) نے وظائف کے لئے درخواست دی۔

☆پورے ملک بشمول گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں اسکالرشپ کے لیے طلباء کا انتخاب 31 مارچ 2020 تک مکمل ہو جائے گا۔

(ث) سال 21-2020 کے اسکالرشپس کا اسٹیٹس کیا ہے؟

☆سال 20-2019 میں اسکالرشپ حاصل کرنے والے طالبعلموں کے وظائف اگلے سال کے لیے بھی جاری کر دیئے جائیں گے بشرط کہ وہ اپنا GPA اسکور برقرار رکھیں۔

☆ پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کے ڈگری پروگراموں میں داخلے کے خواہشمند مستحق طالب علموں سے نئی درخواستیں جون 2020ء میں وصول جائیں گی۔

☆طالبعلم HEC کے آن لائن پورٹل پر درخواستیں جمع کروائیں گے۔

☆طالبعلم اپنی درخواست میں اس یونیورسٹی کا نام بھی لکھیں گے جہاں داخلہ لینا چاہتے ہیں۔

☆وہ طالبعلم جن کے دسمبر۔جنوری میں بہار سمیسٹر 2020 کے لیے داخلے ہوئے ہیں، درخواست دینے کے اہل ہیں۔

☆اسکالرشپ کا اعلان یونیورسٹی داخلوں کی حتمی فہرستوں کے اعلان کے ساتھ ہی کیا جائے گا۔

(ج)۔ پروگرام کا عملدرآمدی کا نظام کیا ہے؟

☆ہائر ایجوکیشن کمیشن احساس انڈر گریجویٹ اسکالرشپ پروگرام پر عمل درآمد کا ادارہ ہے۔ یہ بی آئی ایس پی اور ایچ ای سی کا مشترکہ اقدام ہے۔

☆ یہ پروگرام پورے ملک بشمول گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کی ایچ ای سی کے ذریعہ تسلیم شدہ سرکاری شعبے کی 119 یونیورسٹیوں میں چار سے پانچ سالہ انڈر گریجویٹ پروگراموں میں زیر تعلیم کم آمدنی والے پس منظر کے طلباء کو مالی معاونت فراہم کرتا ہے۔

☆طالب علم کی تعلیمی کارکردگی کی نگرانی کی جائے گی اور تسلی بخش کارکردگی کی صورت میں اسکالرشپ وصول کنندگان کو انڈر گریجویٹ پروگرام مکمل ہونے تک وظیفہ ملنا جاری رہے گا۔

☆ ٹیوشن فیس براہ راست یونیورسٹیوں کو دی جائے گی جبکہ گزر بسر کا وظیفہ براہ راست طالب علموں کے اکاؤنٹ میں جمع کروایا جائے گا۔

(چ)۔ احساس انڈر گریجویٹ اسکالرشپ پروگرام دوسرے اسکالرشپ پروگراموں سے کس طرح مختلف ہے؟

یہ پروگرام حکومت کی اسکالرشپ پالیسی میں تین نئی جہتوں کا عکاس ہے۔:

☆ پہلی: احساس انڈر گریجویٹ اسکالرشپ پروگرام پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا ضرورت پر مبنی انڈر گریجویٹ اسکالرشپ پروگرام ہے۔ جو کم آمدنی والے خاندانوں کے ہونہار طلباء کے لیے شروع کیا گیا ہے۔ اس سے پہلے بہت کم اسکالرشپ ضرورت کی بنیاد پر دیئے جاتے تھے۔

☆ دوسری: یہ سب سے بڑا قومی اسکالرشپ پروگرام ہے۔ گزشتہ 14 سالوں میں، ایچ ای سی نے مجموعی طور پر 30,000 انڈر گریجویٹ اسکالرشپس دی ہیں، جبکہ یہ اسکیم ہر سال 50,000 اسکالرشپس دے گی۔ اس اقدام سے تعلیم کے فروغ کی جانب حکومتی عزم ظاہر ہوتا ہے۔

☆ تیسری: یہ اسکالرشپ پروگرام طالب علموں کے تعلیمی کیریئر کی تشکیل میں معاون ثابت ہوگا۔ ماضی میں پوسٹ گریجویٹ پروگراموں کیلئے اسکالرشپس پر توجہ مرکوز کی گئی تھی، لیکن احساس نے پاکستان کے تعلیمی شعبے میں اہم تبدیلی لاتے ہوئے 5-4 سالہ انڈر گریجویٹ اسکالرشپ پروگراموں پر زور دیا ہے۔ جو کم آمدن والے خاندانوں کے ذہین نوجوانوں کو غربت سے نکلنے میں مدد فراہم کرے گا۔

(ح)۔ پروگرام کا ٹریکنگ نظام کیا ہے؟

☆ یہ پروگرام احساس اسکالرشپ اسٹیئرنگ کمیٹی کی زیرِ نگرانی کام کر رہا ہے جس کی صدارت وزیر اعظم کی معاون خصوصی برائے سماجی تحفظ و تخفیفِ غربت، ڈاکٹر ثانیہ نشتر اور چیئرمین ایچ ای سی، طارق بنوری کرتے ہیں۔ اس مشترکہ پروگرام کے لیے، ایک جوائنٹ نگرانی اور جائزہ فریم ورک تشکیل دیا گیا ہے جو پروگرام کو شفاف، مساویانہ اور منصفانہ انداز میں کام کرنے کو یقینی بناتا ہے۔

ضمیمہ

اسکالرشپ شیڈول برائے تعلیمی سال 20-2019ء:

4 نومبر، 2019: احساس اسکالرشپ پروگرام کا اعلان

24 دسمبر، 2019: درخواستیں جمع کروانے کی آخری تاریخ (تعلیمی سال 2019-20 کے لئے 132,192 انڈر گریجویٹ طلباء (49,841 لڑکیاں) نے وظائف کے لئے درخواست دی)

فروری تا مارچ 2020: یونیورسٹیوں کی طرف سے منتخب اسکالرشپس کا اعلان

2 مارچ 2020: وزیراعظم کی طرف سے طلباء کو وظائف کا اجراء

31 مارچ 2020: اسکالرشپس دیئے جانے کا عمل مکمل

اپریل تا جون 2020: وظائف کی طلباء کے اکاؤنٹ میں منتقلی

30 جون 2020: سال 20-2019 کی اسکالرشپ رقم کی منتقلی کا عمل مکمل

15 جون 2020: تعلیمی سال 21-2020 کے اسکالرشپس کے لیے درخواستیں وصول کرنے کے عمل کا آغاز

☆☆☆